# وڈیو اپائنٹمنٹ کے بارے میں معلومات

## وڈیو اپائنٹمنٹ کا کیا مطلب ہے؟

وڈیو پر پولی کلینکل اپائنٹمنٹ اسی طرح ہوتی ہے جیسے آپ ہسپتال میں اپائنٹمنٹ کے لیے جاتے ہیں، بس ماحول مختلف ہوتا ہے۔ یعنی وڈیو اپائنٹمنٹ میں آپ آڈیو اور وڈیو کنیکشن کے ذریعے بات کرتے ہیں۔ وڈیو اپائنٹمنٹ "لائیو" ہوتی ہے اور اسے ریکارڈ نہیں کیا جاتا۔

وڈیو اپائنٹمنٹ کا فائدہ یہ ہے کہ آپ کو ہسپتال نہیں جانا پڑتا جب تک یہ عین ضروری نہ ہو۔ جن معائنوں یا جس علاج کے لیے مریض کا موجود ہونا ضروری ہو، ان کے لیے آپ ہسپتال ہی جائیں گے۔

## وڈیو اپائنٹمنٹ میں شریک ہونے کے لیے میرے پاس کونسے آلات ہونے چاہیئں؟

آپ کے پاس سمارٹ فون، ٹیبلٹ یا کیمرے اور مائیکروفون والا پرسنل کمپیوٹر ہونا چاہیے جس پر انٹرنیٹ کنیکشن ہو۔

انٹرنیٹ کنیکشن کو معیاری ہونا چاہیے (WIFI/4G)۔ مستقل انٹرنیٹ کنیکشن والا پرسنل کمپیوٹر بہترین رہتا ہے، اگر آپ کے پاس یہ ہو تو۔

نیٹ براؤزر ان میں سے کوئی ہونا چاہیے: Chrome، Edge یا Safari (Internet Explorer سے کام نہیں چلے گا)۔

## اگر میں وڈیو اپائنٹمنٹ استعمال نہ کرنا چاہوں تو؟

وڈیو اپائنٹمنٹ میں شریک ہونا آپ کی مرضی پر منحصر ہے اور وڈیو اپائنٹمنٹ میں شرکت کے لیے ہاں کہتے ہوئے آپ بطور مریض یہ رضامندی دیتے ہیں کہ بات چیت کے دوران ذاتی تفصیلات کا ذکر ہوگا۔ آپ جب چاہیں، اپنی رضامندی واپس لے سکتے ہیں۔

## کیا یہ محفوظ ہے؟

اپائنٹمنٹ میں شریک ہونے والے سب لوگ کارکنان صحت کے قانون اور رازداری کے اصولوں کے پابند ہیں۔ جو کارکنان صحت اپائنٹمنٹ میں شریک ہوں، انہیں مریض کے ریکارڈ میں درج کرنا ہوتا ہے کہ کیا طبی مدد دی گئی تھی۔

آپ جو وڈیو آلات استعمال کریں، انہیں سیکیورٹی کے تقاضوں پر پورا اترنا چاہیے تاکہ آپ سے تعلق رکھنے والی تفصیلات غلط ہاتھوں میں نہ چلی جائیں۔ بذات خود وڈیو اپائنٹمنٹ محفوظ (اینکرپٹڈ) ہے اور اسے save نہیں کیا جاتا۔

## وڈیو پر طبی مشورے کی فیس کیا ہے؟

وڈیو اپائنٹمنٹ معالج کے ساتھ ذاتی طور پر ملنے کے برابر ہے۔ جیسے ڈاکٹر کے پاس جانے پر آپ کو فیس کا بل ملتا ہے، وڈیو اپائنٹمنٹ کا بھی بل ملتا ہے۔

## وڈیو پر طبی مشورے سے پہلے مجھے کیا کرنا چاہیے؟

- یہ اہم ہے کہ آپ اپنی اپائنٹمنٹ سے کافی وقت پہلے درست ویب براؤزر اور انٹرنیٹ کا انتظام کر لیں
- چیک کر لیں کہ آپ جو سمارٹ فون، ٹیبلٹ یا پرسنل کمپیوٹر استعمال کر رہے ہوں، اس کا پلگ بجلی سے لگا ہوا ہے (یا بیٹریاں پوری طرح چارج ہیں)
- وڈیو اپائنٹمنٹ کے لیے کسی بند کمرے یا مناسب جگہ پر بیٹھیں تاکہ غیرمتعلقہ افراد بات چیت نہ سن سکیں
- اچھی روشنی اہم ہے لیکن اپنے عین پیچھے روشنی کا ذریعہ نہ رکھیں (یعنی آپکے کیمرے پر روشنی نہ پڑے) تاکہ تصویر کی بہترین کوالٹی مہیا ہو
- بہترین آواز کے لیے ہیڈفونز استعمال کرنا اچھا رہتا ہے۔

آپ کو اپائنٹمنٹ کے لیے جو بلاوا ملا تھا، اس میں دیا گیا فون نمبر اور رابطہ معلومات اپنے پاس رکھیں تاکہ اپائنٹمنٹ کے دوران ضرورت پڑنے پر یہ مہیا ہوں۔

صارفین کے لیے رہنمائی پڑھ کر وڈیو اپائنٹمنٹ سے کنیکٹ ہونے کا طریقہ سیکھ لیں۔

## وڈیو پر طبی مشورے کے دوران کیا اہم ہے؟

آغاز کے وقت یہ اہم ہے کہ سب لوگ اپنا تعارف کروائیں۔ اگر بات چیت میں آپ کے ساتھ کوئی دوست/رشتہ دار موجود ہو تو یہ اہم ہے کہ اس کا تعارف کروایا جائے اور معالج اسے دیکھ سکتا ہو۔ اگر لوگ خود بات چیت ریکارڈ کرنے والے ہوں تو ہم چاہتے ہیں کہ ہمیں اس بارے میں صاف صاف بتایا جائے۔

یاد رکھیں کہ معالج "آپ کو پورا" نہیں دیکھ سکتا اور سکرین پر ایک شخص کو دیکھنا ویسا نہیں ہوتا جیسا ایک کمرے میں اکٹھے بیٹھ کر ملاقات ہوتی ہے۔ اگر آپ کے پاس ایسی معلومات ہیں جو آپ کے خیال میں معالج نے نوٹ نہیں کیں لیکن اسے ان کا علم ہونا چاہیے تو یہ اہم ہے کہ آپ اس بارے میں بتائیں۔

اپائنٹمنٹ پوری ہونے کے بعد آئندہ خبرگیری کے بارے میں طے کیا جائے گا۔

| اگر اپائنٹمنٹ کے دوران کوئی مسئلہ ہو جائے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟ | |
|---|---|
| **مسئلہ** | **حل** |
| آپ کی صحت بگڑ گئی ہے جس کی وجہ سے آپ کو یقین نہیں رہا کہ وڈیو اپائنٹمنٹ مناسب رہے گی | جتنا جلد ہو سکے، شعبے سے رابطہ کریں۔ رابطے کے لیے تفصیلات ہمارے بلاوے میں دیکھیں۔ |
| معالج کو دیر ہو رہی ہے | پولی کلینکل اپائنٹمنٹ کی طرح اس اپائنٹمنٹ میں بھی دیر ہو سکتی ہے۔ اگر آپ انتظار نہیں کر سکتے تو شعبے سے رابطہ کر کے انہیں آگاہ کریں، رابطے کے لیے تفصیلات ہمارے بلاوے میں دیکھیں۔ |
| آپ کو دیر ہو رہی ہے | شعبے سے رابطہ کر کے انہیں آگاہ کریں، رابطے کے لیے تفصیلات ہمارے بلاوے میں دیکھیں۔ یہ خدشہ موجود ہے کہ آپ کی اپائنٹمنٹ کسی اور وقت رکھنی پڑے گی۔ |
| آپ کو سکون سے بیٹھنے کے لیے مناسب جگہ نہیں مل رہی | شعبے سے رابطہ کر کے انہیں آگاہ کریں، رابطے کے لیے تفصیلات ہمارے بلاوے میں دیکھیں۔ اگر آپ کو وڈیو اپائنٹمنٹ کے لیے مناسب جگہ نہیں مل رہی لیکن فون پر بات کرنے کے لیے مناسب جگہ مل سکتی ہے تو معالج کو غور کرنا ہو گا کہ کیا فون پر بات کرنا کافی ہے یا آپ کو دوبارہ وقت دیا جائے۔ |
| آپ اپائنٹمنٹ سے کنیکٹ نہیں ہو سکتے | ہدایات برائے استعمال دیکھیں۔ اگر آپ کو ٹیکنیکل مسائل پیش آئیں تو پرسنل کمپیوٹر/ٹیبلٹ کو آف اور آن کر کے دوبارہ اپائنٹمنٹ سے کنیکٹ ہونے کی کوشش کریں۔ اگر آپ وقت پر ورچوئل کمرۂ انتظار میں نہ پہنچے تو ممکن ہے معالج آپ سے فون پر رابطہ کر لے۔ |
| تصویر غائب ہے لیکن آواز آ رہی ہے | اگر مسئلہ چلتا رہے تو معالج آپ سے رابطہ کرے گا اور آپ لوگ مل کر طے کریں گے کہ آپ کو کیا کرنا چاہیے۔ |
| آواز غائب ہے لیکن تصویر آ رہی ہے | اگر مسئلہ چلتا رہے تو معالج آپ سے رابطہ کرے گا اور آپ لوگ مل کر طے کریں گے کہ آپ کو کیا کرنا چاہیے۔ |
| بات چیت کا سلسلہ درمیان میں ٹوٹ جاتا ہے | دوبارہ اپائنٹمنٹ سے کنیکٹ ہونے کی کوشش کریں۔ اگر مسئلہ چلتا رہے تو معالج آپ سے رابطہ کرے گا اور آپ لوگ مل کر طے کریں گے کہ آپ کو کیا کرنا چاہیے۔ |
| کوئی کمرے میں آ جاتا ہے | معالج کو بتائیں کہ اب آپ اکیلے نہیں ہیں تاکہ بات چیت میں وقفہ کیا جا سکے۔ اگر ممکن ہو تو دوبارہ کمرہ صرف اپنے لیے حاصل کر لیں۔ |
| دیگر غیرمتوقع واقعات | اگر ایسے واقعات ہوں جن کے نتیجے میں آپکے بارے میں اور آپ کی صحت کے بارے میں معلومات دوسروں تک پہنچ سکتی ہیں یا ایسے واقعات ہوں جن کی وجہ سے بات چیت نہیں ہو سکتی تو وڈیو اپائنٹمنٹ میں وقفہ کیا جاتا ہے یا اسے ختم کر دیا جاتا ہے۔ آپ اور معالج مل کر طے کریں گے کہ آپ کو کیا کرنا چاہیے۔ |